URDU MODAL PAPER - 2019 – 20

CLASS – 12th

وقت : ۳ گھنٹے ۱۵ منٹ　　　　اردو　　　　کل نمبر: ۱۰۰

مندرجہ ذیل مختصر ترین سوالات کے جوابات ایک سطر میں لکھیں۔

1. "سیر پہلے درویش کی" کس داستان کا قصہ ہے؟　1
2. مرزا ظاہر دار بیگ کس ناول کا کردار ہے؟　1
3. افسانہ "بجوکا" کے مصنف کا نام لکھیے۔　1
4. دھوپ کو دیکھنے کی تاب کس میں نہیں تھی؟　1
5. سبق "خطاب بہ طلبا" میں مصنّف نے کس کو مخاطب کیا ہے؟　1
6. مقطع کسے کہتے ہیں؟　1
7. مومنؔ کا پورا نام لکھیے؟　1
8. "مہِ شوّال" کسے کہتے ہے؟　1
9. حالیؔ کی کون سی نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے؟　1
10. "رُخصت" کے کیا معنی ہوتے ہے؟　1

مندرجہ ذیل مختصر سوالات کے جوابات دو سطروں میں لکھیے:۔

11. رات کو مسجد میں ٹھہرنے پر کلیم کی کیا حالت ہوئی؟　2
12. ہوری نے اپنے گھر والوں کو کیا وصیت کی تھی؟　2
13. پطرس بخاری کب اور کہاں پیدا ہوئے؟　2
14. "قیامت کا انتظار" سے شاعر کی کیا مراد ہے؟　2
15. جگرؔ کے مطابق "دل کو سکون اور روح کو آرام" کیسے آیا؟　3
16. سوؔدا نے اپنا تخلص سوؔدا کیوں رکھا؟　3
17. **مندرجہ ذیل اقتباس کی مع سیاق و سباق تشریح کیجیے:۔**　**8**

غرض آدمی کا شیطان آدمی ہے! ہر دم کہنے سننے سے اپنا بھی مزاج بہک گیا۔ شراب ناچ اور جوئے کا چرچا شروع ہوا۔ پھر تو نوبت پہنچی کہ سوداگری بھول کر تماش بینی کا اور دینے لینے کا سودا ہوا۔ اپنے نوکر اور رفیقوں نے جب یہ غفلت دیکھی، جو جس کے ہاتھ پڑا الگ کیا، گویا لوٹ مچادی۔ کچھ خبر نہ تھی کتنا روپیہ خرچ ہوتا ہے، کہاں سے آتا اور کدھر جاتا ہے۔ مالِ مُفت دلِ بے رحم۔ اس درخرچی کے آگے اگر گنج قارون کا ہوتا تو بھی وفا نہ کرنا۔

یا

بڑی سے بڑی آرزو جس کو اپنے دل میں رکھ سکتا ہوں یہی ہے کہ زندگی کی آخری گھڑیوں تک اپنے اسلافِ کرام کے طریق حق پر مستقیم رہنے کی توفیق پاؤں اور اپنی ساری زندگی اسی راہ کی کوچہ گردی میں بسر کردوں جس کا نشانِ سفر وہ اپنی یادگار میں چھوڑ گئے ہیں۔ خدمتِ علم و حق کا ایک سرمایہ سعادت ہے جو مجھ تہی دست تک پہنچتا ہے۔ میری محرومی ہے اگر اس کو بچانہ اور فضلِ الٰہی کی بخشش ہے اگر اس کی عزت اور نامِ نیک کو آنے والوں کے لیے محفوظ چھوڑ گیا۔

18. مندرجہ ذیل بند کی مع سیاق و سباق تسریح کیجیے :- 8

لے لے کے بلائیں یہی سب کرتی ہیں تقریر
اس گرمی کے موسم میں کہاں جاتے ہیں شبیر
سمجھاتی نہیں بھائی کو اے شاہ کی ہمشیر
مسلم کا خط آئے تو کریں کوچ کی تدبیر
للّٰہ ابھی قبرِ پیمبر کو نہ چھوڑیں
گھر فاطمہ زہرا کا ہے اس گھر کو نہ چھوڑیں۔

یا

مندرجہ ذیل اشعار کے مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے :-

(1) یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصال یار ہوتا — اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا

(2) جو چیز بھی مجھ کو ہاتھ آئی — تیری سوغات ہو گئی ہے

19. مندرجہ ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے :- 4

(1) قول کا پاس (2) سویرے جو کل آنکھ میری کھلی

20. مندرجہ ذیل منظومات میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے :- 4

(1) 'روضۂ تاج گنج' (2) 'بیادِ اجمیر'

21. مندرجہ ذیل اصنافِ نثر میں سے کسی ایک صنف پر تفصیلی نوٹ لکھیے :- 4

(1) طنز و مزاح (2) مختصر افسانہ

22. مندرجہ ذیل اصنافِ نظم میں سے کسی ایک صنف پر تفصیلی نوٹ لکھیے :- 4

(1) غزل (2) مرثیہ

23. استعارہ کسے کہتے ہیں؟ تعریف لکھیے اور شعر سے مثال بھی پیش کیجے۔ 4

24. ایہام کسے کہتے ہے؟ تعریف مع مثال لکھیے۔ 4

25. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک مصنف کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر پر روشنی ڈالیے :- 8

(1) مرزا غالبؔ (2) وحید الدین سلیمؔ

26. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شاعر کی سوانح حیات اور خصوصیات کلام پر روشنی ڈالیے :- 8

(1) خواجہ الطاف حسین حالیؔ (2) علّامہ اقبالؔ

27. فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات پر مفصّل روشنی ڈالیے۔ 10

یا

دبستانِ دہلی کی شاعرانہ خصوصیات واضح کیجیے۔

28. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے :- 10

(1) میرا پسندیدہ شاعر / ادیب

(2) عیدالفطر

(3) نوجوانوں میں بڑھتی ہوئی بے روزگاری کا مسئلہ

(4) علیم نسواں (لڑکیوں کی تعلیم)